# قومی ادارہ صحت، پاکستان

## ٹائیفائیڈ بخار کیا ہے

ٹائیفائیڈ بخار ایک وبائی مرض ہے جو ایک مخصوص جرثومے سے لاحق ہوتا ہے۔ یہ مرض زیادہ تر آلودہ خوراک یا آلودہ پانی کے استعمال اور حفظان صحت کے اصولوں پر عمل نہ کرنے سے پھیلتا ہے۔ خاص طور پر قوت مدافعت کی کمی کے شکار افراد کو اس مرض سے جلد متاثر ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔

اس مرض کی اہم علامات میں تیز بخار (103 ڈگری فارن ہائیٹ سے زیادہ)، بھوک کا نہ لگنا، پیٹ میں درد، متلی، قبض یا دست اور کمزوری محسوس ہونا شامل ہیں جبکہ مرض کی شدت میں انتڑیوں میں سوراخ بھی ہو سکتے ہیں۔ ان علامات کی موجودگی کی صورت میں فوراً مستند ڈاکٹر سے رجوع کریں تا کہ ٹائیفائیڈ بخار کی بروقت تشخیص کی جا سکے۔

## ٹائیفائیڈ بخار سے بچاؤ



ہاتھوں کی صفائی کا خیال رکھیں خاص طور پر کھانا
کھانے سے پہلے اور بیت الخلاء استعمال کرنے کے
بعد ہاتھوں کو اچھی طرح صابن اور صاف پانی سے دھوئیں۔



پانی ہمیشہ ابال کر پئیں۔



پانی کو صاف کرنے کیلئے کلورین
(مجوزہ مقدار) کا استعمال کریں۔



ہمیشہ تازہ اور صاف ستھری
غذا کا استعمال کریں۔



باہر کے کھلے (غیر معیاری) کھانے
اور مشروبات سے گریز کریں۔



سبزی اور پھل کو دھو کر
استعمال کریں۔



ٹائیفائیڈ بخار سے پیشگی بچاؤ
کے لئے ڈاکٹر کے مشورے سے
ٹائیفائیڈ ویکسین لگوائیں۔

## اہم ہدایات

یاد رہے کہ پاکستان میں ٹائیفائیڈ بخار کے علاج کے لئے استعمال ہونے والی بیشتر اینٹی بائیوٹک ادویات غیر موثر ہو چکی ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ مستند ڈاکٹر کے مشورے سے اینٹی بائیوٹک ادویات استعمال کریں تا کہ ادویات مزاحم ٹائیفائیڈ سے بچا جا سکے۔

Produced by the Field Epidemiology & Disease Surveillance Division (FE&DSD) National Institute of Health, Islamabad
Phone No: 051-9255237 Fax No: 051-9255099 Email: eic.nih@gmail.com Website: www.nih.org.pk